Securities and Exchange Commission of Pakistan

# Press Release

November 27, 2018
For immediate release

## ایس ای سی پی نے کمپنیوں میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس منعقد کرنے کے لئے گائیڈ لائنز جاری کر دیں

اسلام آباد (نومبر 27) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں میں بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اجلاس عام منعقد کرنے اور اجلاس کی کارروائی سے متعلق گائیڈ لائنز جاری کر دی ہیں۔ ان گائیڈ لائنز کا مقصد صرف کمپنیوں کو رہنمائی فراہم کرنا ہے ۔ کمپنیاں چاہیں تو اس سلسلے میں اپنا طریق کار وضع کر سکتی ہیں۔

کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور شراکت داروں کے اجلاس کمپنی کی پالیسیوں کو وضع کرنے کے لئے اہم ہوتے ہیں جہاں ڈائریکٹر اور شراکت دار کمپنی سے متعلق اہم امور پر بحث اور مشاورت کرتے ہیں۔ لہذا کمپنیز ایکٹ ایسے اجلاس منعقد کرنے کے لئے مختلف شرائط اور پابندیاں عائد کرتا ہے۔ اس لئے کمپنیوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ شراکت داروں اور بورڈ اراکین کے اجلاس کے لئے ایک باقاعدہ طریقہ کار اختیار کریں اور شراکت داروں کو ان اجلاسوں میں شرکت کے لئے حوصلہ افزائی کریں۔

ایس ای سی پی نے کمپنیز ایکٹ اور اس کے تحت بننے والے ضوابط کی روشنی میں اجلاس منعقد کرنے کے لئے ضروری گائیڈ لائنز جاری کی ہیں۔ ان گائیڈ لائنز کی نوعیت سفارشی ہے اور اس کا مقصد صرف کمپنیوں کی انتظامیہ اور شراکت داروں کو قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے اور اجلاس کو بہتر انداز میں معقد کرنے میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ یہ گائیڈ لائنز کمپنی میں شامل ہونے والے نئے ڈائریکٹرز اور شراکت داروں کو بورڈ اور شراکت داروں کی ذمہ داریوں اور فرائض سے آگاہی دیتی ہیں جبکہ پہلے سے موجود ڈائریکٹرز ان گائیڈ لائنز میں دی گئی ضروری معلومات اور درج تجربات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ امید ہے کہ ان گائیڈ لائنز کی مدد سے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور شراکت دار اپنے فرائض بخوبی انجام دے سکیں گے۔